جامعہ میں معزز مہمان الشیخ طارق سامی العیسی کی اپنے وفد کے ہمراہ تشریف آوری

کویت کی مشہور دینی ، رفاہی اور سلفی تنظیم جمعیت احیاء التراث الاسلامی کے بانی فضیلۃ الشیخ طارق سامی العیسی گزشتہ دنوں جامعہ تشریف لائے۔ رئیس الجامعہ نے دیگر اساتذہ اور طلبہ کے ہمراہ جامعہ کے مرکزی گیٹ پر معزز مہمانوں کا بڑی گرم جوشی کے ساتھ استقبال کیا۔معزز مہمان کو جامعہ کی عمارت کا وزٹ کرایا گیا جامعہ کی پرشکوہ عمارت، سہ منزلہ ہاسٹل، وسیع اور خوبصورت گول مسجد، فیملی رہائش گاہیں اور ملحقہ ڈسپنسری دیکھ کر بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ بالخصوص جامعہ کی عظیم الشان لائبریری دیکھ کر بڑی مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے جامعہ کے مختلف شعبوں کے طلبہ سے تلاوت قرآن مجید بھی سنی۔معزز مہمان نے اس دوران فری آئی کیمپ کے لئے تہ خانہ میں بنائی گئی وسیع اور کشادہ وارڈ کا معائنہ کر کے دلی مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے جامعہ کے دینی اور رفاہی کاموں کو دیکھ کر رئیس الجامعہ، مقامی جماعت اور ان جامعات اور دینی اداروں اور ہسپتالوں کے اخراجات میں تعاون کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

جامعہ میں تیسرا سالانہ فری آئی کیمپ

حسب سابق الحمد للہ اس سال بھی جامعہ علوم اثریہ میں مورخہ 27-26 مارچ کو تیسرا سالانہ فری آئی کیمپ قائم کیا گیا۔ یہ کیمپ اے ی اسلامک فاؤنڈیشن کے تعاون سے منعقد ہوا جس میں ہزاروں لوگوں کی آنکھوں کو چیک کیا گیا اور ادویات بھی بالکل فری دی گئی تقریبا دو سو مریضوں کی آنکھوں کے آپریشن کئے گئے اورتیں کے قریب مریضوں کی آنکھوں میں (I.O.L) لینز فٹ کئے گئے۔

کیمپ کے انعقاد سے قبل انجمن اھل حدیث اور اھلحدیث یوتھ فورس کے مشترکہ اجلاسوں میں کیمپ کے انتظامات کے لئے مختلف کمیٹیاں قائم کی گئیں۔مریضوں کی دیکھ بھال اور مریض کے چیک اپ سے لے کر آپریشن کے مراحل سے گزارنے کے لئے جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے بھی مقدور بھر خدمات کے فرائض انجام دیئے۔ علاوہ ازیں انجمن اھلحدیث اور اھلحدیث یوتھ فورس کے مخلص اور باصلاحیت نوجوانوں نے دن رات ایک کر کے کیمپ کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ تمام مریضوں کو تین دن تک جامعہ کی مسجد سلطان کے نیچے وسیع و عریض تہ خانہ میں (جسے ان دنوں ایک وسیع وارڈ میں تبدیل کر دیا گیا تھا) قیام و آرام کی سہولتیں فراہم کی گئیں اس وسیع تہ خانہ کے مردانہ اور زنانہ وارڈ میں 300 کے قریب بیڈز ، میز اور کرسیاں بالترتیب لگادی گئی تھیں۔ زنانہ وارڈ تہ خانہ میں ہی 17 کمروں میں باپردہ بنایا گیا تھا۔ مریضوں کو باقاعدہ بیڈ نمبر دیا جاتا تھا۔اس دوران انہیں دن میں تین مرتبہ کھانا جامعہ کی طرف سے (A.Y.F) کے چاق وچوبند رضا کاران کے بیڈ پر مہیا کرتے تھے۔ بعد ازاں مریضوں کو حسب ضرورت ادویات اور عینکیں بھی فری دے کر اور آئندہ 2nd اور 3rd فالواپ کی تاریخیں دے کر رخصت کر دیا گیا۔

اس کیمپ کے دوران مریضوں کی رشد وہدایت کے لئے طلبہ اور اساتذہ نے انہیں توحید وسنت سے بھرپور دروس قرآن وحدیث دیئے۔